سوال نمبر 8364

منجانب:۔ محترمہ حمیرہ خاتون رُکن صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

کیا وزیر آبکاری و محاصل ارشاد فرمائیں گے کہ

نمبر شمار	سوال	جواب
الف	گذشتہ ایک سال کے دوران منشیات کے کتنے سمگلروں کو قید و جرمانے کی سزائیں سنائی گئی ہیں؟	گذشتہ سال کے دوران محکمہ ایکسائز نے منشیات کے جتنے بھی سمگلر پکڑے اور مقدمات درج ہوئے وہ انسداد منشیات قانون 1997 کے تحت درج ہوئے۔ چونکہ گذشتہ سال محکمہ ایکسائز کے اپنے تھانہ جات اور تفتیشی یا قانونی چارہ جوئی نظام نہیں تھا، لہٰذا محکمہ ایکسائز نے تمام ملزمان بمعہ مال مقدمہ مذید تفتیش اور قانونی چارہ جوئی کیلئے محکمہ پولیس اور اے این ایف کے سپرد/حوالے کئے۔ اس لئے ان مقدمات اور ملزمان کے متعلق فوری معلومات محکمہ ایکسائز کے پاس نہیں۔
ب	مذکورہ عرصہ کے دوران منشیات سمگلروں سے جرمانوں کی مد میں کتنی رقوم وصول کی گئی ہیں؟ نیز ان کو دی گئی سزاوں سمیت تفصیل فراہم کی جائے۔	!جواب مندرجہ بالا